ماڈل پیپر "تاریخ مسلم انڈیا"

(1)

برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔II

حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ کل نمبر:20

سوال نمبر1- نوٹ۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4(چار) ممکنہ جواب A، B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزA، B،C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں

(i) مغلوں کی فتح ہندوستان کے وقت دہلی کا سلطان کون تھا؟

(الف) خضر خان (ب) سکندر لودھی (ج) ابراہیم لودھی (د) عالم خان لودھی

(ii) بابر کب پیدا ہوا؟

(الف)1383ء (ب) 1400ء (ج) 1475ء (د)1483ء

(iii) پانی پت کی پہلی لڑائی کب ہوئی؟

(الف)1520ء (ب) 1528ء (ج) 1529ء (د)1530ء

(iv) ہمایوں کہاں پیدا ہوا؟

(الف) پانی پت (ب) ثمر قند (ج) کابل (د) سندھ

(v) شیر شاہ سوری نے کتنے سال حکومت کی؟

(الف) 5 سال (ب) 7 سال (ج) 8 سال (د) 9 سال

(vi) اسلام شاہ کا اصل نام کیا تھا؟

(الف) جلال خان (ب) بیرم خان (ج) حسن خان (د) امیر خان

(vii) سوری خاندان کا آخری حکمران کون تھا؟

(الف) فیروز شاہ (ب) اسلام شاہ (ج) سکندر شاہ (د) محمد شاہ

(viii) اکبر نے اقتدار کب سنبھالا؟

(الف)1555ء (ب) 1556ء (ج) 1557ء (د)1559ء

(ix) 1564ء میں اکبر نے کونسا ٹیکس معارف کیا؟

(الف) جزیہ (ب) یاترا ٹیکس (ج) درگا پوجا (د) زکوٰۃ

(x) اکبر کی وفات کے بعد کون بادشاہ بنا؟

(الف) سلیم (ب) مراد (ج) حکیم (د) خرم

(xi) منصبداری سسٹم کس نے رائج کیا؟

(الف) اکبر (ب) جہانگیر (ج) شاہ جہاں (د) بابر

(viii) نور جہاں کا اصل نام تھا۔

(الف) مہرالنساء (ب) حمیدہ بانو بیگم (ج) روشن آرا بیگم (د) ارجمند بانو

(xiii) لاہور میں کس مغل حکمران کا مقبرہ ہے؟

(الف) اکبر (ب) بابر (ج) ہمایوں (د) جہانگیر

2

(xiv) جہانگیر کا سب سے بڑا بیٹا کون تھا؟

(الف) خسرو (ب) پرویز (ج) خرم (د) شہریار

(xv) تاج محل کس نے تعمیر کروایا؟

(الف) شاہ جہاں (ب) اکبر (ج) جہانگیر (د) بابر

(xvi) سکینۃ الاولیاء کس نے لکھی؟

(الف) بابر (ب) اکبر (ج) جہانگیر (د) داراشکوہ

(xvii) شاہ جہاں نے کتنے سال حکومت کی؟

(الف) 28 سال (ب) 29 سال (ج) 30 سال (د) 32 سال

(xviii) شاہ جہاں کے بعد کون برسر اقتدار آیا۔

(الف) داراشکو (ب) اورنگ زیب (ج) شاہ عالم (د) شجاع

(xix) جسونت سنگھ کب فوت ہوا؟

(الف) 1670ء (ب) 1675ء (ج) 1678ء (د) 1700ء

(xx) مصور بادشاہ کسے کہتے ہیں؟

(الف) اکبر (ب) جہانگیر (ج) شاہ جہاں (د) بابر

3

ماڈل پیپر "تاریخ مسلم انڈیا"

برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

(حصہ انشائی)

وقت: 2:30 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 80

حصہ اول

سوال نمبر 2- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) جنگ کنواہہ کن فریقین کے مابین ہوئی۔
(ii) جنگ گھاگھرا پر چند سطور لکھیے۔
(iii) ہمایوں نامہ کس کا تحریر کردہ ہے۔
(iv) بابر بطور ادیب چند سطور لکھئے۔
(v) ہمایوں کب اور کہاں تخت نشین ہوا۔
(vi) ہمایوں کے بھائیوں کے نام لکھیے، انہوں نے ہمایوں سے کیا سلوک روا رکھا۔
(vii) جنگ چونسہ کن فریقین کے درمیان ہوئی؟
(viii) ہندو بیگ کون تھا اس نے کیا رپورٹ پیش کی۔
(ix) دین پناہ محل کہاں اور کس نے تعمیر کروایا؟
(x) جہانگیر کا اصل نام کیا تھا اور یہ نام کیوں رکھا گیا؟
(xi) دوراہہ کی لڑائی کب لڑی گئی اور اس میں کسے شکست ہوئی۔
(xii) ہمایوں کے کردار پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر 3- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) شیر شاہ سوری کی کوئی سی دو اصلاحات کے نام لکھئے۔
(ii) ہیموں بقال کون تھا؟
(iii) زنانہ حکومت سے کیا مراد ہے؟
(iv) اکبر نے ہندوستان پر کتنے سال حکومت کی؟
(v) تان سین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔
(vi) نور جہاں کی شادی جہانگیر کے ساتھ کب ہوئی؟
(vii) جہانگیر کی دکن پالیسی دو سطور میں بیان کریں۔
(viii) ابوالفضل کو کس نے کیوں قتل کروایا؟
(ix) لاڈلی بیگم کون تھی؟
(x) حضرت مجدد الف ثانی کا تعارف مختصراً لکھیں۔
(xi) شہزادہ خرم نے کیوں بغاوت کی؟
(xii) نور جہاں جتھا سے کیا مراد ہے؟

(4)

سوال نمبر 4- کوئی سے 9 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) شاہ جہاں نے کتنا عرصہ حکومت کی؟ کیا اسکا دور مغل عہد کا سنہری زمانہ تھا۔

(ii) ممتاز محل پر چند سطور تحریر کیجئے۔

(iii) شاہ جہاں کی وسط ایشیائی پالیسی چند سطور میں لکھیں۔

(iv) مرہٹے کون تھے؟

(v) شاہ جہاں کے بیٹوں کے نام لکھیے۔ اسکے بعد اسکا کونسا بیٹا بادشاہ بنا؟

(vi) اورنگ زیب کتنا عرصہ دکن کا گورنر رہا؟

(vii) اورنگ زیب کی مذہبی پالیسی چند سطور میں بیان کریں۔

(viii) مغلیہ عہد کے زوال کی دو اہم وجوہات کیا تھیں؟

(ix) فتاویٰ عالمگیری کا تعارف دو سطور میں پیش کریں۔

(x) مسجد وزیر خاں کس نے کہاں تعمیر کروائی؟

(xi) مغل عہد کے مشہور موسیقاروں کے نام لکھیں۔

(xii) جزیہ کا نفاذ کس مغل حکمران نے کیا اور اسکا کیا نتیجہ نکلا۔

(xiii) مغل دور کی کوئی سی مشہور تاریخی کتب کے نام لکھیے۔

حصہ دوم

نوٹ:- مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 30=10x3

سوال نمبر 5- بابر کے حملہ سے قبل ہندوستان کے سماجی حالات کیا تھے۔ 10

سوال نمبر 6- ہمایوں کی ناکامی کے اسباب تحریر کیجئے۔ 10

سوال نمبر 7- اکبر کی راجپوت پالیسی مختصراً بیان کریں۔ 10

سوال نمبر 8- شاہ جہاں کی وسط ایشیائی پالیسی پر نوٹ لکھیں۔ 10

سوال نمبر 9- کسی دو پر نوٹ لکھیے۔

(i) تزک بابری

(ii) تاج محل

(iii) شاہ ولی اللہ

(iv) دین الٰہی